D/Press Release (H)76

آزاد جموں و کشمیر انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ مجاز اتھارٹی نے آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور کے زیر اہتمام منعقدہ امتحان انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول 2024ء میں پارٹ اول (گیارہویں جماعت) میں شمولیت کے حوالہ سے فیڈرل بورڈ کے قوانین کے مطابق بذیل پالیسی کی منظوری صادر فرمائی ہے۔

1- ایسے ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران جنہوں نے گیارہویں جماعت (11th Class) امتحان فرسٹ اینول 2024ء میں شامل ہو کر ایک یا زائد مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کئے یا غیر حاضر رہے اور اگلی بارہویں جماعت (12th Class) میں پروموٹ ہو چکے ہیں۔ وہ سیکنڈ اینول امتحان 2024ء میں شامل ہو سکتے ہیں نیز آگاہ رہیں کہ یہ امیدواران فیل شدہ مضمون/مضامین کے ساتھ کسی پاس مضمون/مضامین کی بہتری نمبرات کا امتحان دینے کے اہل نہ ہوں گے۔

2- ایسے ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران جو گیارہویں جماعت (11th Class) فرسٹ اینول 2024ء میں شامل ہوئے اور مکمل پاس ہو کر اگلی بارہویں جماعت (12th Class) میں پروموٹ ہو گئے ہوں وہ بہتری نمبرات کیلئے کسی بھی ایک مضمون یا متعدد مضامین میں سیکنڈ اینول 2024ء میں شامل امتحان ہو سکتے ہیں۔ البتہ سیکنڈ اینول امتحان 2024ء میں پارٹ اول کے ایک مضمون یا متعدد مضامین کی بہتری نمبرات کیلئے شامل ہونے والا کوئی بھی امیدوار بارہویں جماعت (12th Class) کے امتحان میں بورڈ پوزیشن کا حقدار نہ ہوگا۔

3- متذکرہ بالا امیدواران درج ذیل شیڈول کے مطابق سیکنڈ اینول 2024ء کیلئے جاری شدہ نوٹیفکیشن نمبر بورڈ/انٹر/5274-5380/ مورخہ 28-08-2024 میں دی گئی شرح فیس وہدایات کی روشنی میں فارم داخلہ ارسال کر سکتے ہیں۔

شیڈول برائے Online وصولی فیس امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ اول)/میڈیکل ٹیکنالوجی گروپس سیکنڈ اینول 2024

فیس داخلہ حبیب بنک/ڈاکخانہ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ	فارم داخلہ دستی بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ	فارم داخلہ بذریعہ ڈاک بورڈ میں وصول ہونے کی آخری تاریخ
سنگل فیس کے ساتھ 27-09-2024 تا 07-10-2024	07-10-2024	12-10-2024

اس ضمن میں کسی بھی قسم کی مزید معلومات کے لئے بذیل ٹیلیفون نمبرات پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

05827-960070, 05827-960071

25/09/2024

(ایسوسی ایٹ پروفیسر قاری محمد مشتاق ملک)

کنٹرولر امتحانات کالجز

05827-960006

نمبر بورڈ/انٹر/ 5646-72 / 2024 مورخہ 25-09-2024

نقل بالا بخدمت:

1- پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئر مین بورڈ۔
2- جناب سیکریٹری بورڈ ہذا۔
3- ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
4- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت درقومی اخبارات بطور خبر۔
5- فوکل پرسن صاحب بورڈ ہذا۔
6- ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور، تراڑکھل، مظفرآباد/ ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور آزاد کشمیر۔
7- نمائندہ صاحب پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے۔پی۔پی۔ ساجد پلازہ میرپور۔
8- نمائندہ صاحب جیو ٹی وی میرپور۔
9- معزز نمائندگان روزنامہ جنگ/نوائے وقت/اوصاف/محاسب/جموں وکشمیر/جناح/پاکستان/شاہین/روشنک/عدالت/کشمیر ٹائمز میرپور بغرض اشاعت بطور خبر
10- انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد/راولاکوٹ۔
11- آفس فائل۔

CamScanner